Identify Yourself

Generation

Computer Classes

# Tally Prime

# Chapter 1: Basics of Accountancy

## Chapter1.1: Introduction

### تعارف:

اکاؤنٹنگ ایک ایسا عمل ہے جس میں کسی کاروبار (Business) کے کاروباری معاملات (Business Transactions) کی درجہ بندی (Classification) کی جاتی ہے، ان معاملات کا اندراج (Recording) کیا جاتا ہے اور ایک مقررہ وقت پر رپورٹس تیار کی جاتی ہے تاکہ کاروبار کے نفع ونقصان (Profit & Loss) اور کاروبار کی مالی حالت (Financial Position) کا اندازہ لگایا جاسکے۔

فائنانشیل اکاؤنٹنگ (Financial Accounting) اکاؤنٹنگ کی ایک شاخ ہے جس کا مقصد معاشی گوشوارہ (Financial Statement) تیار کرنا ہوتا ہے۔ ان Statements مدد سے نفع ونقصان کی شرح، کاروبار کی معاشی حالت (Financial Position) اور مالکِ کاروبار (Business Owners)، حکومت (Government) اور دیگر منسلک افراد (جیسے شیئر ہولڈرس، بینک اور قرض فراہم کرنے والے افراد یا ادارے) کاروبار کی معلومات فراہم کی جاتی ہے۔

### اکاؤنٹنگ کے اہم مقاصد یہ ہیں:

* کاروبار کے تمام لین دین کا صحیح ریکارڈ رکھنا۔
* Profit یا Loss معلوم کرنا۔
* Assets اور Liabilities کی صحیح پوزیشن جاننا۔
* Business Owner کو فیصلے لینے میں مدد دینا۔
* Tax اور قانونی کاموں میں آسانی پیدا کرنا۔

## Chapter1.2: Basic Accounting Terminologies

## اکاؤنٹنگ کی بنیادی اصطلاحات:

### 1.2.1: Business Transactions

Business Transaction(عموماً ٹرانزایکشن Transaction کہا جاتا ہے)کاروبار کے روزمرّہ کے مالیاتی (Financial)معاملات کو کہتے ہیں۔ یہ وہ مواقع یا معاملات ہوتے ہیں جن کی وجہ سے بزنس (کاروبار) کے مالی حالات متاثّر ہوتے ہیں۔ بزنس ٹرانزایکشن ، تبادلہء جنس (Exchange of Goods)یا تبادلہء خدمات (Exchange of Services) سے متعلق ہوسکتے ہیں۔ Exchange سے مراد مساوی / برابر قیمت کا لین دین۔یعنی جب کسی سامان (Goods)یا خدمات (Services)کو اس کی طے شدہ قیمت پر خریدا یا فروخت کیا جائے تو اسے بزنس ٹرانزایکشن کہتے ہیں۔یہ "قیمت"روپیہ یا اس کے مساوی کوئی شئے ہوسکتی ہے۔

بزنس ٹرانزایکشن کی تین اقسام ہیں۔

1. نقد (Cash Transaction):

جب کوئی کاروباری معاملہ وقوع پذیر ہو اور اس کی ادائیگی فوراً کر دی جائے،تب اسے نقد معاملہ (Cash Transaction)کہتے ہیں۔مثلاً کوئی سامان (Goods)خریدا (Purchase)گیا اور اس کی ادائیگی (Payment)فوراً کر دی گئی۔

### 2. ادھار (Credit Transaction):

جب کوئی کاروباری معاملا وقوع پذیر ہو اوراس کی ادائیگی ایک مقررہ مدّت کے بعد کی جائے، تب اسے ادھار معاملہ (Credit Transaction) کہتے ہیں۔ مثلاً کوئی سامان (Goods) خریدا (Purchase) گیااوراس کی ادائیگی (Payment) کچھ وقت بعد کی جاناطے ہوئی۔

### 3. تبادلہء جنس (Barter):

بارٹر ایک قدیم ترین نظام ہے، جس میں سامان یاخدمات کی اجرت روپیہ (کرنسی) کی شکل میں ادانہ کرتے ہوئے اس کے بدلے دوسرا سامان یاخدمات اداکردی جاتی ہے۔

### 1.2.2: Capital and Drawing

Capital (سرمایہ) اس رقم سا سامان کو کہا جاتا ہے جو مالکِ کاروبار (Business Owner or Shareholder) کسی کاروبار کو شروع کرنے یا فروغ دینے کے لئے استعمال کرتا ہے۔ سرمایہ کاری کا اصل مقصد مستقبل میں منافع حاصل کرنا ہوتا ہے۔

Capital = Assets – Liabilities

Drawing اس رقم یا سامان کو کہا جاتا ہے جو مالکِ کاروبار کسی کاروبار سے اپنے ذاتی استعمال کے لئے نکالتا ہے۔ اس کا شمار بزنس کے اخراجات میں نہیں ہوتا، بلکہ اس کا اندراج بزنس کے حساب (Account) میں علیحدہ کیا جاتا ہے، اور اس مقصد کے لئے Drawing Account بنایا جاتا ہے۔

### 1.2.3: Assets and Liabilities

وہ تمام اشیاء جو بزنس کی ملکیت ہوتی ہیں، "Assets" (جائداد) کہلاتی ہیں۔ مثلاً: زمین، عمارت، آفس، فرنیچر، سامان، روپیہ، بینک بیلنس اور مشینیں وغیرہ۔

وہ رقم، سامان یا خدمات جو بزنس کے ذمہ واجب الادا ہوتی ہیں، "Liabilities" کہلاتی ہیں۔ مثلاً: مختلف ذرائع سے لیا گیا قرض، ادھار خریدے گئے سامان کی ادائیگی، مالکِ کاروبار کے ذریعے لگایا گیا اسباب و رقم (Capital) اور دیگر بقایا جات۔

### 1.2.5: Goods and Services

وہ مال واسباب جن کی خرید و فروخت بزنس میں اس مقصد سے کی جائے کہ منافع حاصل ہو سکے کے "Goods" کہلاتے ہیں۔

وہ خدمات جن کی خرید و فروخت بزنس میں اس مقصد سے کی جائے کہ منافع حاصل ہو سکے کے "Services" کہلاتے ہیں۔

### 1.2.6: Debtors and Creditors

Debtors ان اشخاص یا ذات (ادارہ، کمپنی) کو کہا جاتا ہے جو بزنس سے سامان یا خدمات ادھار (Credit) پر خریدتے ہیں۔ انہیں گراہک (Customer) بھی کہا جاتا ہے۔

Sundary Debtors بزنس کے اکاؤنٹ میں تمام Debtors کے سے موصول ہونے والی رقم کو ظاہر کرتا ہے۔

Creditors ان اشخاص یا ذات (ادارہ، کمپنی) کو کہا جاتا ہے جن سے بزنس، سامان یا خدمات ادھار (Credit) پر خریدتا ہے۔ انہیں سپلائر (Supplier) بھی کہا جاتا ہے۔

Sundary Creditors بزنس کے اکاؤنٹ میں تمام Creditors کو ادا کی جانے والی رقم کو ظاہر کرتا ہے۔

### 1.2.7: Cash Discount and Trade Discount

Cash Discount اسباب یا خدمات فروخت کرنے والے (Seller) کی جانب سے خریدار (Buyer) کو دی جانے والی رعایت ہوتی ہے جس کا اصل مقصد خریدار کو سابات پر آمادہ کرنا ہوتا ہے کہ وہ رقم کی ادائیگی مقررہ وقت یا اس سے پہلے کردے۔ Cash Discount سیلر کا نقصان (Loss) ہے اور خریدار کے لئے فائدہ (Gain) ہے اس لئے اس کا اندراج سیلر حساب کی کتاب (Books of Account) میں بحیثیتِ اخراجات (Expenses) کرتا ہے اور خریدار آمدنی (Income) میں کرتا ہے۔

یہ رعایت انوائس (Invoice) کی کُل رقم (Total Amount) پر دی جاتی ہے،

Trade Discount اسباب یا خدمات فروخت کرنے والے (Seller) کی جانب سے خریدار (Buyer) کو سامان کی مقررہ قیمت (List Price or Catalogue Price) پر دی جانے والی رعایت ہوتی ہے۔ چونکہ Trade Discount کاروباری حکمتِ عملی ہوتی ہے' جس کا مقصد خریدار کو راغب کرنا ہوتا ہے اس لئے اس کا اندراج Books of Account میں علیحدہ سے نہیں کیا جاتا بلکہ سامان کی قیمت سے اس براہِ راست تفریق کر دیا جاتا ہے۔

## 1.2.8: Financial Year / Accounting Year

ہر بزنس ایک معیّنہ مدّت کے بعد تمام اکاؤنٹس کا حساب کرتا ہے تا کہ بزنس کے حالات کا جائزہ لے سکے اور اس بات کا اندازہ لگا سکے کہ بزنس میں نفع ہو رہا ہے یا نقصان۔ عموماً یہ مدّت ایک سال کی ہوتی ہے۔ اس ایک سال کو حسابی سال (Accounting Year) کہا جاتا ہے۔ ہر ملک میں معاشی سرگرمی کا جائزہ لینے کے لئے معاشی سال (Financial Year) کی ایک میعاد مقرر کی جاتی ہے۔ ہندوستان میں معاشی سال 1 – اپریل سے شروع ہوتا ہے اور 31 – مارچ کو ختم ہوتا ہے۔

## 1.2.9: Profit and Loss

وہ اضافی آمدنی، جو بزنس کے ذریعے ایک معاشی سال میں حاصل شدہ آمدنی سے تمام اخراجات کی تفریق کے بعد بزنس کو حاصل ہوتی ہے، منافع (Profit) کہلاتی ہے۔

| Total Sales | Less Expenses | Profit |
| --- | --- | --- |
| 1,20,000 | 90,000 | 30,000 |

ایک معاشی سال میں اگر اخراجات کا تناسب آمدنی سے زیادہ ہو تو اس فرق کو نقصان (Loss) کہا جاتا ہے۔

| Total Sales | Less Expenses | Loss |
| --- | --- | --- |
| 90,000 | 1,20,000 | 30,000 |

### 1.2.10: Account

اکاؤنٹ(بہی کھاتہ) ایک مخصوص شخص (Person)،ادارہ (Organisation)، کمپنی، جائداد(Assets)،ادائیگی کی ذمہ داری(Liability)، آمدنی (Income)،اخراجات (Expenditures)اور نفع ونقصان (Profit and Loss)سے متعلق گوشوارہ (Statement)ہوتا ہے۔جیسے Cah Account, Bank Account, Rent Account, Profit and Loss Accountوغیرہ۔Accountکو مختصراً "A/c"لکھا جاتا ہے۔

## Chapter 1.3: Golden Rules of Accountancy

### 1.3.1: Types of Accounts

اکاؤنٹنگ میں اکاؤنٹس کو تین اقسام میں تقسیم کیا گیا ہے۔

A. Real Accounts: وہ تمام اکاؤنٹس جن کا تعلق جائداد یا اشیاء (Assets) سے ہو وہ Real Account سے متعلق ہوتے ہیں۔

B. Personal Accounts: وہ تمام اکاؤنٹس جن کا تعلق افراد (Persons) سے ہو وہ Personal Account سے متعلق ہوتے ہیں۔

C. Nominal Accounts: وہ اکاؤنٹس جن کا تعلق آمدنی، نفع، اخراجات یا نقصان سے ہو وہ Nominal Account سے متعلق ہوتے ہیں۔

### 1.3.2: System of Accounting

اکاؤنٹنگ میں روزمرہ کے مالی معاملات کے اندراج کے دو معروف نظام ہیں۔

1. Single Entry System: اس طریقہ میں کسی بھی ٹرانزایکشن کے ایک ہی پہلو کا اندراج کیا جاتا ہے۔ عموماً اس نظام کا استعمال چھوٹے کاروبار میں ہوتا ہے۔ یہ ایک غیر سائنٹفک طریقہ ہے جس سے پیچیدہ مالی حساب (Financial Account) کرنا ممکن نہیں۔

2. Double Entry System: یہ طریقہ یا نظام سائنٹفک اور منظّم طریقہ ہے اس لئے پوری دنیا میں اس طریقہ اکا استعمال سب سے زیادہ ہوتا ہے۔ یہ نظام اس بنیاد پر کام کرتا ہے کہ ہر ٹرانزایکشن کے دو پہلو ہوتے ہیں۔ اور یہ دو پہلو ٹرانزایکشن میں موجود دو اکاؤنٹس پر متضاد و مساوی اثر انداز ہوتے ہیں (روپیہ کی قدر میں)۔ جیسے اگر بزنس نے 10،000 روپیہ کا سامان خریدا تو اس نظام کے تحت بزنس میں 10،000 روپیہ کا سامان "آیا" مگر اسی کے ساتھ 10،000 روپیہ "گیا"۔

### 1.3.3: Golden Rules of Accounting

جیسا کہ ذکر کیا جاچکا ہے کہ Double Entry System میں ہے ٹرانزایکش کے دو پہلو ہوتے ہیں تو ان دونوں پہلو (Aspects) کے اظہار کے لئے اکاؤنٹ میں دو اصطلاحات کا استعمال کیا جاتا ہے۔ Debit Aspect اور Credit Aspect۔ یعنی ٹرانزایکشن میں موجود ایک اکاؤنٹ Debit ہو گا اور ایک Credit۔

یہ بھی ذکر کیا جاچکا ہے کی اکاؤنٹس کی تین اقسام ہوتی ہیں۔

Real Account, Personal Account and Nominal Account

اب سوال یہ آتا ہے کہ آخر کون سا اکاؤنٹ Debit ہو گا اور کون سا Credit؟؟؟؟

اکاؤنٹ کی اقسام کو مدّ نظر رکھتے ہوئے تین اصول بنائے گئے ہیں جنھیں Golden Rules of Accounting کہا جاتا ہے۔

# Golden Rules of Accountancy

**Real Account**

Debit What Comes In

Credit What Goes Out

**Personal Account**

Debit the Receiver

Credit the Giver

**Nominal Account:**

Debit All Expenses and Losses

Credit All Gains and Profits